علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ سیرت سٹڈیز)

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism "پالیسی کے مطابق سزادی جائے گی۔

کورس: سیرت اور مستشرقین (3913) **سمسٹر: بہار،2026ء**

سطح: بی ایس (سیرت سٹڈیز)

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیۓ اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی، صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کرکے اپنے LMS پورٹل پر اپ لوڈ کرسکتے ہیں، فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہوسکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ:1 تا4)

سوال نمبر1- تحریک استشراق کے اہداف اور مسلمانوں پر اس تحریک کے اثرات بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر2- مستشرقین کے تعارف اور اقسام پر جامع نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر3- یونٹ نمبر دو کا جامع خلاصہ سپرد قلم کریں۔ (20)

سوال نمبر4- مستشرقین کے مطالعہ سیرت پر تفصیلی مضمون تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر5- المغازی للواقدی اور طبقات ابن سعد کی اشاعت میں مستشرقین کے کردار کو تفصیل کے ساتھ بیان کریں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ:5 تا9)

سوال نمبر1۔ بحیرا راہب کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کی ملاقات کے احوال تفصیل کے ساتھ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ بنو قریظہ کی سزا پر مستشرقین کا اعتراض اور اس کا جواب تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ یونٹ نمبر سات کے مضامین کا جامع خلاصہ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ بیسویں صدی میں مستشرقین کے مثبت کاموں پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر5۔ کیرن آرمسٹرانگ کی سیرت نگاری پر تفصیلی مضمون قلمبند کریں۔ (20)